40509 ـ کام نہ ہونے کی صورت میں ملازم کا سونا

سوال

میں اشیاء مرمت کرنے کا کام کرتا ہوں، بعض اوقات ہمارے پاس کام نہیں ہوتا، اور میرے کچھ دوست میرے پاس ہوتے ہیں، تو کیا میں کچھ دیر کے لیے ارام کر سکتا ہوں، یعنی دوستوں کی موجودگی میں کچھ دیر کے لیے سو جاؤں، اور اگر کوئی کام آئے تو وہ مجھے بیدار کردیں، اور اس سے کام میں بھی کوئی خلل پیدا نہ ہو ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اگر کام کا مالك اسے جانتا ہے، اور اسے تم پر کوئی اعتراض نہ ہو تو اس میں کوئی حرج نہیں، اور اگر اس کے علم میں نہیں تو پھر افضل اور بہتر یہی ہے کہ آپ اسے بتا دیں تا کہ کسی قسم کا کوئی حرج اور اشکال باقی نہ رہے، کیونکہ آپ اس کے پاس مزدور شمار ہوتے ہیں، اس لیے آپ کا وقت اس کی ملکیت ہے.

واللہ اعلم .